# اپنے حقوق کو جانیے

ایک ایسا معلوماتی کتابچہ، جس میں امریکہ میں کام کے دوران آپ کے حقوق بیان کیے گئے ہیں۔

سمگلنگ کی اطلاع دینے کے لیے
(امریکہ کے اندر) قومی ہاٹ لائن کا نمبر
1-888-373-7888











# اپنے حقوق کو جانیے

ہمیں اعتماد ہے کہ امریکہ میں آپ کا قیام آپ کیلئے فائدہ مند رہے گا۔ تاہم اگر کوئی بری صورت حال پیش آئے، تو آپ کو کچھ حقوق حاصل ہیں اور آپ مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

## آپ کو حق ہے کہ:

- منصفانہ اجرت کی ادائیگی کی جائے
- امتیازی سلوک سے آزاد رہیں
- جنسی طور پر ہراساں کیے جانے اور جنسی استحصال سے آزادی
- کام کرنے کے لیے صحت مند اور محفوظ جگہ ہو
- یونین، امیگریشن اور کارکنوں کے حقوق کی تنظیموں سے مدد کی درخواست کرنے کا حق
- کسی ایسی ملازمت کو چھوڑنے کا حق جس میں حقوق پامال کیے جاتے ہوں

**اگر آپ کے ساتھ نا روا سلوک کیا جارہا ہو، تو انسانی اسمگلنگ سے متعلق قومی ہاٹ لائن سے (امریکہ کے اندر) اس نمبر پر رابطہ قائم کیجیے 1-888-373-7888، 233733 پر (امریکہ کے اندر) "HELP" کا ٹیکسٹ بھیج دیجیے یا اس پتے پر ای میل کیجیئے NHTRC@POLARISPROJECT.ORG.**

**مدد کرنے کے لیے 200 سے زیادہ زبانیں جاننے والے تربیت یافتہ ماہرین ہمیشہ میسر ہوتے ہیں۔ آپ کو خود اپنا نام یا شناخت فراہم نہیں کرنی پڑتی۔ مزید جاننے کے لیے اس ویب سائیٹ پر جائیے، WWW.TRAFFICKINGRESOURCECENTER.ORG.**

اگرآپ کو فوری طور پر کوئی خطرہ ہے تو (امریکہ کے اندر) 911 پر پولیس کو کال کیجیے۔ اسے بتائیے کہ کیا ایمرجنسی ہے، آپ کس جگہ ہیں، اور جس فون سے بات کر رہے ہیں اس کا نمبر کیا ہے۔ اگر آپ کو انگریزی نہیں آتی تو مترجم کے لیے درخواست کیجیے۔ جب پولیس پہنچ جائے تو اسے یہ کتابچہ دکھائیے اور اسے اس ناروا سلوک کے بارے میں بتائیے جو آپ کو بھگتنا پڑا۔

اگر آپ کو کوئی اے–3، جی–5، ایچ، جے، نیٹو –7 یا بی–1 گھریلو ملازم نان امیگرنٹ ویزا ملا ہے، تو آپ کو اپنے ویزے کے انٹرویو کے دوران یہ کتابچہ وصول کرنا چاہیئے۔ کسی قونصلر افسر کے لیے لازم ہے کہ وہ اس بات کی تصدیق کرے کہ آپ نے کوئی ویزا حاصل کرنے سے پہلے یہ کتابچہ وصول کرلیا ہے، اسے پڑھ لیا ہے اور اس کے مندرجات کو سمجھ لیا ہے۔ اگر آپ نے ایسا نہیں کیا تو قونصلر افسر کو چاہیئے کہ وہ آپ کو کتابچہ فراہم کرے اور اس کے بارے میں آپ کے ساتھ بات چیت کرے، اس کے علاوہ، قونصلر افسر کو چاہیئے کہ وہ اس کتابچے میں فراہم کی ہوئی معلومات کے بارے میں آپ کے ہر سوال کا جواب دے۔

# ویزے کی نوعیت سے قطع نظر آپ کے حقوق

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے حقوق پامال کیے گئے ہیں، توحکومت کی کسی ایجنسی، یونین، غیر سرکاری تنظیم، یا کسی ایسی تنظیم کو اس کی رپورٹ کیجیے جو آپ کی مدد کرسکتی ہو۔اگر آپ کو انگریزی نہیں آتی تو کسی مترجم کے لیے درخواست کیجیے۔

## 1۔ آپ کو منصفانہ اجرت کی ادائیگی کا حق

- آپ کو اس سارے کام کا معاوضہ وصول کرنے کا حق حاصل ہے جو آپ نے کیا ہے۔
- بیشتر کاموں کے لیے آپ کو قانونی طور پر کم سے کم وفاقی اجرت وصول کرنے کا حق حاصل ہے۔ موجودہ کم سے کم وفاقی اجرت کا پتہ کرنے کے لیے ملاحظہ کیجیے:
  www.dol.gov/whd/minimumwage.htm
- آپ کم سے کم وفاقی اجرت سے زیادہ کمانے کے حقدار ہوسکتے ہیں، اگر:
  - آپ کسی ایسی ریاست، شہر یا کاؤنٹی میں کام کرتے ہیں جہاں کم سے کم اجرت نسبتاً زیادہ ہو۔
  - آپ کی ملازمت کے کنٹریکٹ / ویزا پروگرام میں کسی زیادہ رقم کا تقاضہ کیا گیا ہو۔
- آپ فی ہفتہ 40 گھنٹے کے مقررہ وقت کے علاوہ خواہ کتنے ہی گھنٹے مزید کام کریں، آپ اس فاضل کام کے لیے اپنی مقررہ اجرت سے ڈیڑھ گنا زیادہ اوور ٹائم کی ادائیگی کے حقدار ہو سکتے ہیں۔مثلاً اگر آپ کی معمول کی اجرت کی شرح 10 ڈالر فی گھنٹہ ہے، تو ہوسکتا ہے کہ آپ کے آجر پر یہ واجب ہو کہ وہ ایک ہفتے کے 40 گھنٹوں سے زائد آپ کے ہر ایک گھنٹے کے کام کے لیے آپ کو 15 ڈالر فی گھنٹہ معاوضہ ادا کرے۔
- اگر آپ کا آجر آپ کی تنخواہ سے کچھ رقم نکال لیتا ہے، تو اسے ڈی ڈکشن یا کٹوتی کہا جاتا ہے۔آپ کے آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو آپ کی تنخواہ سے ہر کٹوتی کے بارے میں واضح طور پر آگاہ کرے۔
- کٹوتیوں کے بعد قانونی طور پر مطلوبہ اجرت سے کم رقم مل رہی ہو توہو سکتا ہے کہ ایسی کٹوتیاں غیر قانونی ہوں۔ہوسکتا ہے کہ کوئی آجر عام طور پر وردیوں، حفاظتی سامان، مطلوبہ اوزاروں، سپلائیوں، سازوسامان، یا بھرتی کرنے کی فیسوں کے اخراجات کی مد میں کٹوتیاں نہ کرتا ہو۔ ویزے کے بعض زمروں میں رہائش کی سہولت لازمی طور پر بلا معاوضہ فراہم کی جاتی ہے۔
- قانون کے مطابق کٹوتیوں میں آپ کی خود منتخب کی ہوئی کٹوتیوں کے علاوہ، جیسا کہ ہیلتھ انشورنس، یونین کے واجبات، یا پیشگی لی ہوئی تنخواہ کی ادائیگیوں کے ساتھ ساتھ وہ کٹوتیاں بھی شامل ہیں جو کسی آجر کو عدالتی حکم کے تحت لازماً آپ کی تنخواہ سے نکالنا پڑتی ہیں، جیسا کہ بچوں کی پرورش یا بیوی کے لیے نان و نفقہ کے اخراجات، یا دیوالیہ پن کی قانونی کارروائی کے تحت واجب الادا رقم۔چند صورتوں میں

گر کی بات: مستقبل میں حوالہ کے لیے اس کتابچے کو اپنے ساتھ امریکہ لے جائیے۔



**گر کی بات:** یہ دیکھتے ہوئے کہ آپ کے قیام کا عرصہ کتنا طویل ہے، آپ سے امریکہ میں ہیلتھ انشورنس حاصل کرنے کا تقاضا کیا جاسکتا ہے۔ ہیلتھ انشورنس کے اخراجات کم کرنے کے لیے آپ کو مالی امداد کا اہل بھی قرار دیا جاسکتا ہے۔

استثنیٰ کے ساتھ، امریکہ میں کام کرنے والے ان افراد کو، جن کے پاس نان امیگریشن ویزا ہوتا ہے، انہیں وفاقی اور ریاستی انکم ٹیکس اور ملازمت کے ٹیکس ادا کرنا ہوتے ہیں۔آپ اور آپ کا آجر اس بات پر رضامند ہوسکتے ہیں کہ آپ کا انکم ٹیکس براہ راست آپ کی تنخواہ سے کاٹ لیا جائے۔ آپ کا آجر عام طور پر سوشل سیکیورٹی اور میڈی کیئر کے ٹیکسوں سمیت، ملازمت کے ٹیکس براہ راست آپ کی تنخواہ سے کاٹ لیا کرے گا۔

## 2۔ آپ کا امتیازی سلوک سے آزادی کا حق

- آپ کے آجر کے لیے یہ بات خلافِ قانون ہے کہ وہ آپ کی عمر کی وجہ سے (اگر آپ 40 برس کے یا اس سے بڑی عمر کے ہیں)، صنف یا جنس، نسل، اصل قومیت، وطنیت، رنگ، مذہب، جنیاتی معلومات (خاندان کی میڈیکل ہسٹری سمیت)، یا کسی معذوری کی بنا پر، کام کے دوران آپ کے ساتھ مختلف یا برا سلوک کرے۔
- آپ کا آجر آپ کے عورت ہونے کی وجہ سے یا اس وجہ سے کہ آپ حاملہ ہیں، بچے کو دودھ پلاتی ہیں، یا ہوسکتا ہے کہ آپ حاملہ ہو جائیں، آپ کے ساتھ مختلف سلوک نہیں کرسکتا۔

## 3۔ آپ کو جنسی طور پر ہراساں کیے جانے اور جنسی استحصال سے آزاد ہونے کا حق

- آپ کے آجر کے لیے آپ کو جنسی طور پر ہراساں کرنا خلافِ قانون ہے۔ آپ کے آجر کو جنس یا صنف کی بنیاد پر کوئی تکلیف دہ بات نہیں کرنی چاہیئے۔
- آپ کے آجر کے لیے یہ بات خلاف قانون ہے کہ وہ آپ کا جنسی استحصال کرے، بشمول:
  - آپ سے کوئی بھی جنسی فعل کرنے کا مطالبہ کرنا ؛
  - آپ کو کسی جنسی انداز میں چھونا ؛
  - کسی جنسی فعل کی انجام دہی کے لیے آپ کو مجبور کرنا، جھانسا دینا یا آپ پر دباؤ ڈالنا۔

گر کی بات: امریکہ روانہ ہونے سے پہلے بیرون ملک کام کرنے والے کارکنوں کی تنظیموں یا سابق مائی گرینٹ کارکنوں سے مشورہ کرلیجیے۔ وہ آپ کو ان افراد یا تنظیموں کے نام اور ٹیلی فون نمبر فراہم کرسکتے ہیں، جن سے آپ امریکہ میں کسی مسئلے کے پیش آنے پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں یا اس مسئلے کا حل دریافت کرسکتے ہیں۔



## 4۔ آپ کے لیے کسی صحت مند اور محفوظ کام کرنے کی جگہ کا حق

امریکہ میں ایک کارکن کی حیثیت سے، آپ کو محفوظ اور صحت مند حالاتِ کار کا حق حاصل ہوتا ہے بشمول:

- طبّی علاج: آپ کو کام سے متعلق چوٹوں اور بیماریوں سے اپنے آجر کو مطلع کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کام کے دوران زخمی ہوگئے یا بیمار ہوگئے ہیں تو آپ طبّی علاج کروا سکتے ہیں۔ بیشتر واقعات میں آپ کے آجر کو کام سے متعلق زخموں اور بیماریوں کا طبّی علاج مفت فراہم کرنا چاہئیے اور زخمی ہونے کے باعث جس اجرت کا نقصان ہوا اسے بھی پورا کرنا چاہئیے۔ آپ جس ریاست میں کام کرتے ہیں، وہاں کارکنوں کے ہرجانے کے لیے درخواست بھی دائر کرسکتے ہیں۔
- حفاظتی سازو سامان: اگر آپ کیڑے مار دواؤں یا خطرناک کیمیکلز کے ساتھ براہ راست یا ان کے آس پاس کام کرتے ہیں، تو آپ کے آجر کو لازمی طور پر وہ حفاظتی ساز و سامان فراہم کرنا چاہئیے اور اس کی قیمت ادا کرنی چاہئیے جو اس کام کے لیے مطلوب ہوتا ہے(جیسا کہ کوئی سانس لینے کا آلہ یا دستانے)۔
- تربیت: خطروں کے بارے میں، ان خطروں سے پہنچنے والے نقصان کی روک تھام کے طریقوں، اور حفاظت اور صحت کے ان معیاروں کے بارے میں، جن کا اطلاق آپ کے کام کرنے کی جگہ پر ہوتا ہے، آپ کو معلومات اور تربیت حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔یہ تربیت لازمی طور پر اسی زبان اور الفاظ میں ہونی چاہئیے، جنہیں آپ سمجھ سکتے ہیں۔
- رہائشی سہولت: اگر آپ کا آجر آپ کو رہائش کی جگہ فراہم کرتا ہے تو اسے صاف ستھرا اور محفوظ ہونا چاہئیے۔ آپ کو لازمی طور پر کام سے فارغ اوقات کے دوران رہائش کی جگہ سے باہر جانے کی اجازت ہونی چاہئیے۔
- بیت الخلا: بیت الخلاؤں کو صاف ستھرا اور آپ کی پہنچ میں ہونا چاہئیے۔ آپ کے آجر کو چاہئیے کہ جب آپ کو ضرورت ہو، آپ کو بیت الخلا کی سہولت تک رسائی فراہم کرے۔
- پینے کا صاف پانی: آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کو پینے کے لیے صاف پانی فراہم کیا جائے۔
- صابن اور صاف پانی:ضروت پڑنے پر آپ کو صابن اور پانی سے اپنے ہاتھ دھونے کا حق حاصل ہے، خاص طور پر کیڑے مار دواؤں / کیمیکلز سے ٹریٹ کیے ہوئے پھلو ں اور سبزیوں سمیت، کیڑے مار دواؤں/کیمیکلز کے ساتھ کام کرنے کے بعد۔



- میڈیکل ہنگامی حالات: ہوسکتا ہے کہ آپ کے اخراجات ادا کردیے جائیں، لہذا جس قدر جلد ممکن ہو اپنے آجر کو اپنے زخموں یا بیماریوں کے بارے میں آگاہ کر دیجیے تاکہ آجر ضروری کاغذی کارروائی کرسکے۔ جب آپ ڈاکٹر کے پاس، شفاخانے، یا ہسپتال میں ہوں، تو اپنی بیماری یا زخموں کے بارے میں کاغذی کارروائی کی نقول مانگ لیجیے۔

اگر آپ کیڑے مار دواؤں یا خطرناک کیمیکلز کے ماحول میں کام کر رہے ہیں تو:

- آپ کو ان کیمیکلز کو جاننے اور سمجھنے کا حق حاصل ہے جن کے ساتھ آپ کام کر رہے ہیں، اور آپ کے آجر پر لازم ہے کہ وہ کام کی جگہ پر موجود کیمیکلز کے بارے میں آپ کو اپنے خرچ پر تربیت فراہم کرے۔
- آپ کے آجر پر لازم ہے کہ وہ آپ کو بتائے کہ کیڑے مار دوائیں کب اور کہاں اسپرے کی گئی تھیں اور اتفاقاً ان دواؤں کے زیر اثر آجانے سے بچنے کی خاطر کب ان علاقوں میں جانا محفوظ ہوگا۔ ایسے علاقوں میں مت رہیں جہاں کیڑے مار دوائیں استعمال کی جارہی ہوں۔

## 5۔ مدد کے لیے آپ کا یونین، تارکین وطن، اور کارکنوں کے حقوق کی تنظیموں سے درخواست کرنے کا حق۔

- چند باتوں میں استثنٰی کے ساتھ، آپ کو اپنے ساتھی کارکنوں کے ساتھ مل کر اپنے آجر سے یہ مطالبہ کرنے کا حق حاصل ہے کہ وہ آپ کی اجرتوں یا حالات کار میں بہتری لائے۔ بیشتر کارکنوں کو اپنے کام کی جگہوں پر یونین بنانے، اس میں شامل ہونے، اور کسی یونین کی حمایت کرنے کا حق بھی حاصل ہے۔
- آپ جب کام نہ کر رہے ہوں تو اپنے کام کی جگہوں پر زیادہ اجرتوں یا بہتر حالات کار کی حمایت میں کی جانے والی تقریروں، جلسوں اور مظاہروں میں شریک ہو سکتے ہیں۔
- آپ کی امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر، آپ کو یہ حق حاصل ہے۔ اپنے حقوق پر زور دینے کی بنا پر، آپ کا آجر آپ کے خلاف کارروائی نہیں کرسکتا۔

## 6۔ آپ کا ایسی ملازمت کو چھوڑ دینے کا حق، جہاں حقوق پامال کیے جارہے ہوں۔

- اگر آپ کے ساتھ ناروا سلوک کیا جا رہا ہے تو آپ کے لیے سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپ اس سے تحفظ حاصل کرنے کی کوشش کریں۔اگر آپ کا آجر آپ کے حقوق پامال کرتا ہے تو آپ کے لیے اس ملازمت میں رہنا ضروری نہیں ہے۔

**گر کی بات: آپ کے آجر، کنٹریکٹر یا ریکروٹر کی جانب سے قانونی مشورہ، آپ کے خلاف تعصب پر مبنی ہوسکتا ہے۔ کسی غیر جانبدار وکیل سے مشورہ حاصل کیجیے۔**

- اگر آپ اپنے آجر کو چھوڑتے ہیں تو اگرچہ آپ کے ویزے کی حیثیت قابل قبول نہیں رہے گی، تاہم ہو سکتا ہے آپ اپنے ویزے کی حیثیت یا آجر کو تبدیل کر سکیں۔ ایسا کرنے کے لیے ہوسکتا ہے کہ آپ کو امریکہ چھوڑنا پڑے۔ایک بار جب آپ برا سلوک کرنے والے آجر کو چھوڑ دیتے ہیں، تو آپ کے ویزے کی حیثیت کے ناقابل قبول ہوجانے کے بعد بھی، آپ کے لیے مدد میسر ہوتی ہے۔
- آپ اپنے آجر کے خلاف کوئی باضابطہ شکایت یا کوئی مقدمہ کر سکتے ہیں جب آپ کام کر رہے ہوں یا اپنے آجر کو چھوڑ چکے ہوں ۔ اگر ایسا کرنے پر آپ کا آجر آپ کے خلاف کوئی کارروائی (انتقامی کارروائی) کرتا ہے تو ایسا کرتے ہوئے وہ قانون کی خلاف ورزی کر رہا ہو گا۔

# آپ کی نان امیگرنٹ حیثیت کی بنیاد پر اضافی حقوق

### اے–3، جی–5، نیٹو–7 اور بی–1 گھریلو ملازمین

- آپ کے آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو ملازمت کا کوئی ایسا کنٹریکٹ فراہم کرے جس میں امریکی قانون کی شرائط کو پورا کیا گیا ہو۔
- کنٹریکٹ میں گھریلو ملازم کو اُسے ادا کی جانے والی فی گھنٹہ اجرت سے لازمی طور پر آگاہ کیا گیا ہو۔ فی گھنٹہ اجرت کو امریکہ کے وفاقی، ریاستی، یا مقامی قانون کے تحت کم سے کم اجرت کے زمرے میں جو اجرت سب سے زیادہ ہو، اُسے لازمی طور پر درج کیا جانا چاہئیے۔
- آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ کوئی کنٹریکٹ آپ کو کسی ایسی زبان میں فراہم کرے جسے آپ سمجھتے ہوں۔ اس بات کا یقین حاصل کیجیے کہ آپ کنٹریکٹ کی شرائط کو سمجھتے ہیں اور اگر آپ یہ نہیں جانتے ہیں کہ اس میں کیا کہا گیا ہے تو کسی دستاویز پر دستخط مت کیجیے۔

### اے–3، جی–5، اور نیٹو–7 گھریلو ملازمین کے لیے مزید تقاضے

کنٹریکٹ میں کم سے کم حسب ذیل شقوں کو لازماً شامل کیا جانا چاہئیے:

- اس بات پر آپ کے آجر کی رضامندی کہ امریکہ میں تمام قوانین پر عمل کیا جائے گا ؛
- اجرتوں کے درمیانی وقفے اور ادائیگیوں کے طریقوں کے بارے میں معلومات، کام کے فرائض، ہفتہ وار کام کے اوقات، تعطیلات، بیماری میں رخصت اور چھٹیوں کے دن ؛ اور
- اس بات پر آپ کے آجر کی رضامندی کہ وہ آپ کا پاسپورٹ، ملازمت کا کنٹریکٹ، یا آپ کی ملکیت کی دوسری اشیا، آپ سے لے کر اپنے پاس نہیں رکھے گا۔

### ایچ–2اے عارضی زراعتی کارکن کے لیے ویزا۔

- آپ کو کسی لیبر ریکروٹر کو کبھی کوئی فیس ادا نہیں کرنی چاہئیے۔
- آپ کے لیے لازم ہے کہ آپ کسی ایسی زبان میں لکھا ہوا کام کا کوئی کنٹریکٹ وصول کریں، جسے آپ سمجھتے ہوں۔ اس میں لازمی طور پر اجرتوں، کام کے عرصے، کام کے اوقات، (ٹرانسپورٹ، رہائش اور خوراک یا کھانا پکانے کی سہولت سمیت) دوسرے فوائد، اور آپ کی تنخواہ سے کسی بھی کٹوتی کے بارے میں تفصیلی معلومات شامل ہونی چاہئیں۔

- آپ کا حق ہے کہ آپ کو منصفانہ اجرت ادا کی جائے خواہ آپ کو کسی مقررہ شرح پر ہر کام کی الگ الگ اجرت ادا کی جارہی ہو۔
- آپ کے آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو یا تو کام پر آنے کے لیے ٹرانسپورٹ اور اس جگہ سے جہاں سے آپ اپنے آجر کے لیے کام کرنے کی خاطر ملازمت کے مقام تک آئے ہیں یومیہ گزاہ الاؤنس فراہم کرے، یا ایک بار جب آپ اپنے کام کے کنڑیکٹ کا نصف حصہ مکمل کرلیں، وہ آپ کے اخراجات کی ایک معقول رقم آپ کو واپس ادا کرے۔ ایک بار جب آپ کام کا کنڑیکٹ مکمل کرلیں تو آپ کے آجر کو لازمی طور اس مقام تک واپس جانے کے لیے، جہاں سے آپ آجر کی خاطر کام کرنے لیے روانہ ہوئے تھے، آپ کو ٹرانسپورٹ اور یومیہ گزارہ الاؤنس فراہم کرنا چاہئیے۔ ایسی صورت میں جب آپ کی پہلے ہفتے کی اجرت سے سفر کے اخراجا ت کو خارج کردینے کے بعد، آپ کی اجرت کی رقم امریکہ کی کم سے کم اجرت سے بھی کم رہ جاتی ہوتوہوسکتا ہےکہ آپ کا آجر آپ کو کام کے پہلے ہفتے کے دوران سفر اور ویزا کے اخراجات واپس ادا کرنے کا پابند ہو۔آپ کے آجر پر یہ بھی لازم ہے کہ وہ آجر کی فراہم کی ہوئی آپ کی رہائش گاہ سے کام کرنے کے مقام تک آپ کومفت ٹرانسپورٹ فراہم کرے۔
- آپ اپنے اتچ2 اے ویزا کے سلسلے میں انجام دی ہوئی خدمات کے معاوضے پر امریکہ کے سوشل سکیورٹی اور میڈی کئیر ٹیکسوں کی ادائگی سے مستثنیٰ ہیں۔
- عام طور پر آپ کے آجر کے لیے یہ ضروری ہوتا ہے کہ وہ آپ کو کنڑیکٹ کے عرصے میں کام کرنے کے دنوں میں سے کم سے کم 3/4دنوں کے برابر گھنٹو ں کی ملازمت کی پیش کش کرے۔

## اتچ-2 بی عارضی غیر زراعتی کارکن کا ویزا

- آپ کو کبھی بھی کسی لیبر ریکروٹر کو کوئی فیس ادا نہیں کرنی چاہئیے۔
- آپ کو لازمی طور کس ایسی زبان میں، جسے آپ سمجھتے ہوں، کام کرنے کا کوئی تحریری آرڈر ملنا چاہئیے۔ اس میں لازمی طور پر اجرتوں، کام کے عرصے، کام کے اوقات، (ٹرانسپورٹ، رہائش اور خوراک یا کھانا پکانے کی سہولت سمیت دوسرے فوائد، اور آپ کی تنخواہ سے کسی بھی کٹوتی کے بارے میں تفصیلی معلومات شامل ہونی چاہئیں۔
- عام طور پر آپ کے آجر کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ وہ آپ کو 12 ہفتوں کے ہر عرصے میں کام کرنے کے کم سے کم 3/4 دنوں کے مساوی گھنٹوں کی ملازمت کی پیش کش کرے۔
- آپ کا حق ہے کہ آپ کو منصفانہ اجرت ادا کی جائے خواہ آپ کو کسی مقررہ شرح پر ہر کام کی الگ الگ اجرت ادا کی جارہی ہو۔
- جب آپ اپنے کنڑیکٹ کا نصف عرصہ مکمل کرلیں تو اس کے بعد آپ کے آجر پر لاز م ہے کہ بیرون ملک سے آنے کے لیے ٹرانسپورٹ کے اخراجات اور یومیہ گزارہ الاؤنس آپ کوادا کرے۔ اس کے علاوہ اگر آپ نے ملازمت کا عرصہ مکمل کرلیا ہے یا آپ کے آجر نے آپ کے منظور شدہ عرصہ ملازمت کے ختم ہونے سے پہلے کسی بھی وجہ سے آپ کو برطرف کر دیا ہے تو آپ کے آجر کو لازمی طور پر گزارہ الاؤنس سمیت آپ کو گھر واپس جانے کے لیے ٹرانسپورٹ کے اخراجات ادا کرنا ہوں گے۔ ایسی صورت



گر کی بات: آپ کے آجر کو لازمی طور پر آپ کو وقت پر تنخواہ ادا کرنی چاہئیے۔ امریکہ میں ملازمین کو عام طور پر ہر دو ہفتوں کے بعد تنخواہ دی جاتی ہے۔

میں جب آپ کی پہلے ہفتے کی اجرت سے سفر کے اخراجات کو خارج کردینے کے بعد، آپ کی اجرت کی باقی رقم امریکہ کی کم سے کم اجرت سے بھی کم رہ جاتی ہوتوہوسکتا ہےکہ آپ کا آجر آپ کو کام کے پہلے ہفتے کے دوران سفر اور ویزا کے اخراجات واپس ادا کرنے کا پابند ہو

## جے – 1 ایکس چینج وزیٹر ویزا

- آپ کے منظور شدہ ڈی ایس2019 میں آپ کے پروگرام کی تاریخوں، تبادلے کے پروگرام کی قسم، آپ کے اسپانسر کے نام، اور اس میزبان ادارے کے بارے میں تفصیلات فراہم کردی گئی ہیں جہاں آپ کے تبادلے کا پروگرام واقع ہے۔
- آپ کے اسپانسر کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کے تبادلے کے پروگرام کے بارے میں تمام اخراجات، شرائط اور پابندیوں کی وضاحت کرے۔

## گرمیوں میں کام کے لیے سفر

- اگر آپ کے لیے ملازمت کرنے کی جگہ پہلے سے طے نہیں ہے، تو آپ کے امریکہ پہنچنے کے بعد آپ کے اسپانسر پر لازم ہے کہ وہ ملازمت کے مقام کا پتہ چلانے میں آپ کی مدد کرے۔

## انٹرن یا زیر تربیت

- آپ کے اسپانسر کے لیے ضروری ہے کہ وہ آپ کو براہ راست ذاتی طور پر، ٹیلی فون یا ویب کیمرے پر انٹرویو کرے۔
- آپ کے اسپانسر کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو کسی انٹرن یا زیر تربیت فرد کی تقرری کا کوئی ایسا منصوبہ (ڈی ایس 7002) فراہم کرے، جس میں ایسی کسی بھی آمدنی کے بارے میں جو آپ وصول کریں گے، اور پروگرام کی تربیت کے مقاصد کا کوئی مختصر احوال شامل ہو۔ آپ کو ہر ہفتے لازماً کام کے 32 گھنٹے فراہم کیے جانے چاہئیں۔



- آپ کے اسپانسر کیلئے لازم ہے کہ وہ آپ کو ایک تحری بیان فراہم کرے جس میں آپ کی طرف سے واجب الادا اخراجات اور فیسوں کی تفصیل کے ساتھ امریکہ میں رہنے کے اخراجات کا تخمینہ شامل ہو۔
- آپ کے اسپانسر کو لازمًایہ یقین کرلینا چاہئیے کہ آپ کے پاس علاج معالجے کے لیے میڈیکل انشورنس ہے، جبکہ ضروری نہیں کہ اسپانسر یہ انشورنس فراہم کرے یا اس کے لیے کوئی ادائیگی کرے۔

**آیا:**

- آپ کے میزبان خاندان کے لیے لازم ہے کہ وہ ثانوی سے بلند درجے کے کسی تعلیمی ادارے میں داخلہ لینے اور کلاسوں میں شریک ہونے میں آپ کی مدد کرے اور ان کلاسوں کے اخراجات کی مد میں آپ کو 500 ڈالر تک ادا کرے۔
- آپ سے روزانہ 10 گھنٹے یا ہفتے میں 45 گھنٹوں سے زیادہ کام کرنے کا تقاضا نہیں کیا جاسکتا۔
- آپ کے قونصلر کو آپ کے ساتھ اور آپ کے میزبان خاندان کے ساتھ باقاعدہ رابطے میں رہنا چاہئیے۔

**گر کی بات:** سفر پر روانہ ہونے سے پہلے، تمام اہم دستاویزات کی دو دو کاپیاں بنا لیجیے، خاص طور پر اپنے پاسپورٹ اور امریکہ کے ویزے کی، اپنی ملازمت کے کنٹریکٹ اور کسی بھی فاضل شناختی دستاویز کی۔ان کاپیوں میں سے ایک اپنے ملک میں کسی ایسے شخص کے سپرد کردیجیے جس پر آپ کو بھروسا ہو اور دوسری کاپی اپنے ساتھ لے جائیے۔




# آپ کا نان امیگرنٹ ویزا

ایک نان امیگرنٹ ویزا امریکی حکومت کی وہ دستاویز ہے جو امریکہ آنے والے افراد کو یہ اجازت دیتی ہے کہ وہ کام کرنے، تعلیم حاصل کرنے، یا کسی ثقافتی تبادلے کے پروگرام میں شرکت کے لیے امریکہ میں داخل ہونے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ ویزا کے لیے بیرون ملک کسی امریکی سفارت خانے یا قونصلیٹ کو اپنی درخواست بھیجیں۔ کوئی نان امیگرنٹ ویزا حاصل کر لینے کے بعد، آپ امریکہ کے لیے سفر کرسکتے ہیں اور ملک میں داخل ہونے کے لیے امریکہ کے امیگریشن کے کسی عہدے دار کو یہ ویزا پیش کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کے ویزے کی میعاد ختم ہوجائے تو آپ کو امریکہ میں دوبارہ داخل ہونے سے پہلے کوئی نیا ویزا لینا پڑتا ہے۔



جب آپ امریکہ میں داخل ہوجاتے ہیں، تو کوئی امیگریشن افسر آپ کے پاسپورٹ پر مہر لگاتا ہے اور داخلے کی تاریخ، داخل کیے جانے کی کلاس یا قسم اور "admit until" کی تاریخ درج کرتا ہے یعنی وہ آخری تاریخ جب تک آپ ملک میں رہ سکتے ہیں۔ اگر آپ نے یو ایس سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن سروسز میں توسیع کے لیے کوئی درخواست دائر نہیں کی ہے تو آپ کو اپنی "admit until" I-94 تاریخ کی قانونی حیثیت کے ختم ہونے سے پہلے امریکہ چھوڑ دینا چاہئیے۔ آپ اپنے I-94 ریکارڈ کو *https://i94.cbp.dhs.gov* پر چیک کر سکتے ہیں۔



گر کی بات: جب آپ امریکہ پہنچ جائیں تو اپنے پاسپورٹ اور سفر سے متعلق دوسرے کاغذات کسی ایسے محفوظ مقام پر رکھ دیجیے، جہاں سے آپ انہیں کسی بھی وقت حاصل کرسکتے ہیں۔آپ کے آجر کے لیے آپ کے پاسپورٹ کو اپنے قبضے رکھنا خلافِ قانون ہے۔

# انسانوں کی خریدوفروخت کا غیر قانونی دھندا

انسانوں کی خرید و فروخت کے دھندے کے متاثرین اپنے لیے حفاظتی اقدامات اور خدمات کے مستحق ہوتے ہیں اور ہوسکتا ہے کہ وہ بعض سرکاری فوائد کے بھی اہل ہوں۔ انسانوں کی خرید و فروخت کا دھندا، جس کا تعلق جسم فروشی کے لیے بچوں کے استحصال، طاقت کے استعمال، دھوکے بازی یا دباؤ کے ذریعے جسم فروشی کے لیے بالغوں کے استحصال، اور کسی بھی فرد کو محنت مشقت پر مجبور کرنے سے ہو، ایک جرم ہے۔اس قسم کے استحصال کے مرتکب لوگوں یا خر کاروں کے خلاف، جن میں محنت کشوں کی خرید و فروخت کرنے والے، جسم فروشی کے دلال اور خریدار شامل ہوسکتے ہیں، وفاقی اور ریاستی اینٹی ٹریفکنگ قوانین کے تحت قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔محنت مشقت کے لیے اور جسم فروشی کے لیے انسانوں کی خرید و فروخت کرنے والوں کے خلاف فوجداری مقدمات چلائے جاسکتے ہیں اور انہیں ہوسکتا کہ دیوانی مقدموں میں بھی سزاؤں کا سامنا کرنا پڑے۔ حسب ذیل چوکنا کرنے والے ایسے کچھ آثار بیان کیے گئے ہیں جو ہو سکتا ہے کہ انسانوں کی خرید و فروخت کے دھندے کی نشاندہی کرتے ہوں۔

### ڈرانا اور دھمکانا

دھندا چلانے والےیعنی خرکار اور ان کے مددگار لوگ، آپ کو اس قدر خوف زدہ کرنے کے لیے کہ آپ کو انہیں چھوڑ کر جانے کی ہمت نہ پڑے، آپ کو دھمکیاں دینے اور ڈرانے کے دوسرے حربے استعمال کرسکتے ہیں۔ مثلاً:

- زدوکوب کرنا، جسمانی تشدد، یا جنسی تشدد؛
- مارنے پیٹنے، جسمانی تشدد، یا جنسی تشدد کی دھمکیاں دینا؛
- کسی کارکن کی تالا بندی کرنا یا اسے کام کی جگہ یا رہائش کی جگہ سے باہر جانے سے روک دینا ؛

گر کی بات: ایسی ہر نامناسب بات اور / یا کارروائی کا کوئی تفصیلی ریکارڈ رکھیے جو آپ کے آجر نے آپ کے خلاف کی ہو اور اگر کوئی بھی گواہ موجود ہوں تو ان کے نام اور ٹیلی فون کے نمبر لکھ لیجیے۔

- اگر آپ کام چھوڑ کر چلے جانے، ناروا سلوک کی شکایت کرنے، حکام کو صورت حال کی رپورٹ کرنے، یا مدد حاصل کرنے کی کوشش کریں تو آپ کے خاندان کو نقصان پہنچانے کی دھمکیاں دینا ؛
- ایسی دھمکیا ں کہ مدد حاصل کرنے کی کوشش کرنے پر آپ کو واپس آپ کے ملک بھیجا جاسکتا ہے، یا گرفتار کیا جاسکتا ہے۔
- ایسے دوسرے کارکنوں کو دھمکیوں یا انہیں پہنچنے والے نقصان کی بات کرنا جنہوں نے کام چھوڑ کر چلے جانے، شکایت کرنے، صورت حال کی رپورٹ کرنے، یا مدد حاصل کرنے کی کوشش کی تھی، یا ایسی دھمکیاں دینا کہ جو کوئی فرار ہونے کی کوشش کرے گا اسے ڈھونڈ لیا جائے گا اور واپس لایا جائے گا۔

## قرض

انسانوں کی خرید و فروخت کا دھندا چلانے والے اور ان کے مدد گار لوگ، آپ سے یہ مطالبہ کرسکتے ہیں کہ آپ قرض چُکانے کے لیے محنت مشقت کریں، خدمات انجام دیں یا جسم فروشی (عصمت فروشی) کریں۔ بعض صورتوں میں دھندا چلانے والے قرض تشکیل دیتے ہیں اورآپ پر مسلط کرتے ہیں۔ آپ کو محنت مشقت کرنے، خدمات فراہم کرنے یا جسم فروشی کو جاری رکھنے پر مجبور کرنے کے لیے یا آپ کو کام چھوڑ کر چلے جانے سے روکنے کے لیے کسی قرض کو استعمال کرنا قانون کے خلاف ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہی خر کار لوگ آپ کے قرضے میں اس طرح ہیر پھیر کریں کہ آپ کے لیے اس کی ادائیگی زیادہ مشکل ہوجائے اور آپ یہ سمجھنے لگیں کہ اس قرض کے ادا ہوجانے تک آپ کو لازماً ان ہی خرکاروں کے لیے کام کرنا پڑے گا۔ قرضوں میں ہیر پھیر کرنے کی مثالوں میں حسب ذیل باتیں شامل ہیں:

- کوئی ایسا قرض مسلط کردینا جو کسی معقول عرصے کے اندر واپس ادا کرنا ناممکن ہو اور جس کا اُس عرصے میں آپ کی آمدنی کے ساتھ کوئی تناسب نہ ہو؛
- کوئی ایسا قرض مسلط کرنا جس کے لیے آپ پہلے سے رضامند نہ ہوں یا قرض کی رقم اس سے زیادہ ہو، جس پر آپ رضا مند ہوئے تھے؛
- آپ کی آمدنی کو قرض کی ادائیگی کیلئے استعمال کرنے سے انکار کرنا؛
- یہ بات واضح کرنے سے انکار کرنا کہ قرض کو واپس ادا کرنے کے لیے آپ کو کب تک خرکار کے لیے کام کرتے رہنا ہوگا۔
- واجب الادا قرض میں ٹرانسپورٹ، رہائش اور خوراک کی مدوں میں ایسی فیسوں کا اضافہ کرنا جن کے لیے آپ سے پہلے رضامندی حاصل نہیں کی گئی تھی ؛ اور
- قواعد کی خلاف ورزیوں، کافی رقم نہ کمانے یا کافی محنت نہ کرنے، خدمات انجام نہ دینے یا جسم فروشی کا کافی کام نہ کرنے کی پاداش میں قرض کی وصولی کی رقوم میں اضافہ کردینا۔



## قواعد اور ضوابط

خر کار اور ان کے مدد گار لوگ، ایسے قواعد اور ضابطوں سے کام لے سکتے ہیں جو آپ کے اور دوسروں کے لیے کام چھوڑ دینے، شکایت کرنے یا مدد حاصل کرنے کی کوشش کو بھی زیادہ مشکل بنادیں۔ مثال کے طور پر:

- کام کرنے کی جگہ کو چھوڑنے کے خلاف سخت قواعد، یا اس بارے میں کڑے ضابطے کہ آپ کام نہ کرنے کے دوران کہاں جا سکتے ہیں؛
- اپنا پاسپورٹ، ویزا، پیدائش کا سرٹیفکیٹ، یا دوسرے شناختی کاغذات اپنے پاس رکھنے کے خلاف قواعد ؛
- مناسب خوراک، سونے، یا علاج معالجے کی سہولت تک رسائی سے محروم رکھنا؛ یا
- آپ کے اپنے خاندان، دوسرے کارکنوں، گاہکوں یا کام کی جگہ سے باہر قانونی اور سماجی خدمات انجام دینے والے کارکنوں جیسے دوسرے افراد کے ساتھ آپ کے مواصلاتی رابطوں پر پابندیاں عائد کرنا یا ان کی نگرانی کرنا۔

## فریب اور جھوٹ

خر کار اور ان کے مدد گار لوگ فریب اور جھوٹ کے حربے استعمال کرسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر:

- کام کی نوعیت، اوقاتِ کار، حالات کار یا رہن سہن کے حالات یا تنخواہ کے بارے میں جھوٹے وعدے کرنا؛
- کسی اچھی ملازمت کا وعدہ کرنا اور پھر آپ سے کہیں زیادہ طویل اوقات تک، زیادہ سخت حالات کار میں، یا جس تنخواہ کا وعدہ کیا تھا اس سے کم تنخواہ پر آپ سے کام کرنے کا تقاضا کرنا ؛ یا
- کسی اچھی ملازمت کا وعدہ کرنا اور پھر آپ کو کسی دوسری نوعیت کی محنت کرنے، خدمات انجام دینے یا جسم فروشی پر مجبور کرنا ؛ اس میں آپ سے نرسنگ کی کسی پروفیسر کی آسامی کا وعدہ کرنے کے بعد آپ کو کسی نرسنگ ہوم کے عملے کے طور پر کام کرنے پر مجبور کرنا، یاآپ سے نینی کے طور پر کام دلانے کا وعدہ کرکے آپ کو شہوت انگیز رقص کرنے یا جسم فروشی (عصمت فروشی) کے کاموں پر مجبور کرنا شامل ہوسکتا ہے۔
- آپ کو یہ بتانا کہ آپ کے کوئی حقوق نہیں ہیں؛
- آپ کو یہ بتانا کہ اگر آپ نے مدد حاصل کرنے کوشش کی تو کوئی آپ کی بات کا یقین نہیں کرے گا یا آپ کو واپس آپ کے ملک بھیج دیا جائے گا؛ یا
- آپ کو کسی خر کار کی شناخت کے بارے میں جھوٹ بولنے کی ہدایت کرنا۔

### اگر آپ نے حقوق کی خلاف ورزی کو رپورٹ کیا تو کیا آپ کو واپس آپ کے ملک بھیج دیا جائے گا؟

جو لوگ حقوق کی پامالیوں کو رپورٹ کرتے ہیں، انہیں تحفظ فراہم کرنے کے پروگرام موجود ہیں۔ اگر آپ کو امیگریشن کے بارے میں کوئی تشویش ہے تب بھی آپ کو مدد حاصل کرنے سے ڈرنا نہیں چاہئیے۔ آپ کو امیگریشن کے کسی ایسے وکیل سے مشورہ کرنا چاہئیے جو آپ کے آجر کے لیے کام نہ کرتا ہو۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ انسانوں کی خرید و فروخت کے دھندے یا عصمت دری یا جنسی حملے سمیت، کسی دوسرے سنگین جرم کے ستم رسیدہ ہیں، تو ہو سکتا ہے کہ آپ کوئی مختلف نان امیگرینٹ حیثیت حاصل کرنے کے اہل ہوں، جیسا کہ "T" (ٹریفکنگ یعنی انسانوں کی خرید و فروخت کے متاثرین کے لیے) یا "U"(انسانوں کی خرید فروخت یا دوسرے سنگین جرائم کے ستم رسیدہ افراد کے لیے) نان امیگرینٹ حیثیت یا پھر آپ کو امریکہ میں عارضی طور پر رہنے کی اجازت مل جائے گی۔ یہ نان امیگرینٹ درجہ بندیاں متاثرہ لوگوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے تشکیل دی گئی تھیں۔ امریکہ میں بہت سے لوگ ٹی یا یو نان امیگرینٹ حیثیت سے آگاہ نہیں ہیں اور آپ کو چاہئیے کہ جو لوگ آپ کی مدد کر رہے ہوں، آپ انہیں ان کے بارے میں بتائیں۔

### انسانوں کی خریدو فرخت کے دھندے کے متاثرین کے لیے کونسی خدمات میسر ہیں؟

- امریکہ میں انسانوں کی خرید فروخت کے دھندے کے متاثرین، وفاقی اور ریاستی پروگراموں کے تحت بعض فوائد، سروسیں اور امیگریشن سے کچھ آسانیاں حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ بہت سی تنظیمیں ان سروسوں تک رسائی حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرسکتی ہیں، جن میں میڈیکل / دانتوں کی صحت، دماغی صحت کی دیکھ بھال، رہائش، امیگریشن کے لیے قانونی امداد، اور دوسری قانونی ضرورتیں، ملازمت تلاش کرنے میں مدد اور سرکاری فوائد شامل ہیں۔

گر کی بات: ان تمام اوقات میں آپ نے جو کام کیے ہیں، ان کا کوئی تحریری ریکارڈ رکھنا، ایک اچھا خیال ہے۔ ایک نوٹ بک لیجیے اور ان تمام دنوں اور گھنٹوں کو لکھ ڈالیے جن میں آپ نے کام کیا ہے، آپ کو کتنی اجرت ادا کی گئی، وہ تاریخیں جب آپ نے کوئی تنخواہ وصول کی، آپ کی تنخواہ سے کی جانے والی ہر کٹوتی اور ان کٹوتیوں کی وجوہات کو بھی لکھ لیجیے۔

## ہفتہ وار کام کو لاگ کرنے کا ایک نمونہ

| کارکن: | سپروائزر: |
|---|---|

| تاریخ | سرگرمیاں | گھنٹے | ادائیگی |
|---|---|---|---|
| | | اِن: ____<br>آؤٹ: ____<br>کل: ____ | |
| | | اِن: ____<br>آؤٹ: ____<br>کل: ____ | |

# مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے ان ویب سائیٹس پر جائیے:

(مندرجہ ذیل ویب سائیٹس انگریزی میں ہیں۔)

- ویزے کی درخواست اورامریکہ کے لیے آپ کا ویزا: usvisas.state.gov
- انسانوں کی خرید و فروخت: www.state.gov/j/tip
- تبادلے کے پروگرام کے لیے جے ۔1 ویزا: j1visa.state.gov
- مساویانہ سلوک، اور آپ کی نسل، رنگ، مذہب، (حالتِ حمل سمیت) جنس، اصل قومیت عمر (40 سال یا اس سے زیادہ)، جسمانی معذوری یا جینیاتی معلومات کی وجہ سے کام کی جگہ پر اپنے خلاف امتیازی سلوک سے آزادی کا حق، اور امتیازی سلوک کا کوئی باقاعدہ الزام عائد کرنے کا حق: www.eeoc.gov
- کام کی جگہ پر آپ کے محفوظ ہونے کے حقوق، یا اگر آپ کے خیال میں آپ کا کام غیر محفوظ ہے اور آپ اس کے کسی معائنے کی درخواست کرنا چاہتے ہیں: www.osha.gov
- اپنے آجر سے غیر ادا شدہ اجرتیں کس طرح وصول کی جائیں: webapps.dol.gov/wow
- آپ کو منصفانہ اجرت کی ادائگی کے حقوق، بشمول اجرت سے متعلق کوئی شکایت کس طرح دائر کی جائے: www.dol.gov/WHD/immigration
- آپ کا یہ حق کہ آپ کو اپنی شہریت کی وجہ سے امتیازی سلوک کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا اور امتیازی سلوک کی کوئی شکایت دائر کرنے کا حق: www.justice.gov/crt/filing-charge
- آپ کا دوسرے کارکنوں کے ساتھ مل کر اپنی اجرتوں یا حالات کار کو بہتر بنانے کا حق، بشمول کوئی الزام کس طرح دائر کیا جائے: www.nlrb.gov
- آپ کے حقوق، ذمے داریاں اور ہیلتھ انشورنس سے استثنات: localhelp.healthcare.gov

یہ کتابچہ انسانوں کی خرید فروخت کے دھندے کے متاثرین کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے 2008 کے دی ولیم وِلبر فورس ٹریفکنگ وکٹمز پروٹیکشن ری آتھارائیزیشن ایکٹ کی دفعہ 202، پبلک لا 110-457 کے تحت تشکیل دیا گیا ہے۔